[Published in the Gazette of Pakistan, Extraordinary, Part-I, dated the 9th February, 2021]

ORDINANCE NO. V OF 2021

AN

ORDINANCE

to amend the National Accountability Ordinance, 1999

WHEREAS it is expedient further to amend the National Accountability Ordinance, 1999 (No. XVIII of 1999), for the purposes hereinafter appearing;

AND WHEREAS the Senate and the National Assembly are not in session and the President is satisfied that circumstances exist which render it necessary to take immediate action;

NOW THEREFORE, in exercise of powers conferred by clause(1) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the President is pleased to make and promulgate the following Ordinance:-

1. **Short title and commencement.**—This Ordinance may be called the National Accountability (Amendment) Ordinance, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 8, Ordinance XVIII of 1999.**—In the National Accountability Ordinance, 1999 (No. XVIII of 1999), for sub-clause (iii) of clause (a) of section 8, the following shall be substituted, namely:-

"The Prosecutor General Accountability shall hold office for a period of three (03) years and shall be eligible for re-appointment for a similar term or terms.".

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Section 8 of the National Accountability Ordinance, 1999 (XVII of 1999) provides that the President of Pakistan, in consultation with the Chairman NAB, may appoint any person, who is qualified to be appointed as a Judge of the Supreme Court, as Prosecutor General Accountability for a term of three years. This provision of the Ordinance is very restrictive. To amend the said provision, so that the appointment of Prosecutor General becomes less restrictive, the National Accountability (Amendment) Ordinance, 2021 (V of 2021) has been made and promulgated by the President under Article 89(1) of the Constitution.

Minister-in-charge

[جریدہ پاکستان، غیر معمولی، حصہ اول مورخہ 9 فروری، 2021 میں شائع ہوا]

آرڈیننس نمبر ۵ مجریہ ۲۰۲۱ء

قومی احتساب آرڈیننس، ۱۹۹۹ء کو ترمیم کرنے کا آرڈیننس

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے، قومی احتساب آرڈیننس، ۱۹۹۹ء (نمبر ۱۸ مجریہ ۱۹۹۹ء) کو مزید ترمیم کیا جائے؛

اور چونکہ سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اجلاس نہیں ہو رہے ہیں اور صدر مملکت کو اطمینان حاصل ہے کہ ایسے حالات موجود ہیں جن کی بناء پر فوری کارروائی کرنا ضروری ہو گیا ہے؛

لہذا، اب، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۱) کی رُو سے حاصل شدہ اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے، صدر مملکت نے حسب ذیل آرڈیننس وضع اور جاری کیا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ آرڈیننس قومی احتساب (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **آرڈیننس نمبر ۱۸ مجریہ ۱۹۹۹ء کی، دفعہ ۸ کی ترمیم:۔** قومی احتساب آرڈیننس، ۱۹۹۹ء (نمبر ۱۸ مجریہ ۱۹۹۹ء) میں، دفعہ ۸ کی شق (الف) کی ذیلی شق (سوم) کو، حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''پروسیکیوٹر جنرل احتساب تین (۳) سال کی مدت کے لیے عہدہ رکھ سکے گا اور ایسی ہی مدت یا مدتوں کے لیے دوبارہ تقرری کا اہل ہوگا''۔

بیان اغراض و وجوہ

قومی احتساب آرڈیننس، ۱۹۹۹ء (نمبر ۱۸ بابت ۱۹۹۹ء) کی دفعہ ۸ یہ صراحت کرتی ہے کہ صدر پاکستان چیئرمین نیب کی مشاورت سے کسی شخص جو عدالت عظمٰی کے جج کے طور پر تقرر کئے جانے کی اہلیت رکھتا ہو کی تین سال کی مدت کے لئے پروسیکیوٹر جنرل احتساب کے طور پر تقرری کر سکتا ہے۔ آرڈیننس کی دفعہ ہذا انتہائی محدود ہے۔ مذکورہ دفعہ میں ترمیم کی جائے تاکہ پروسیکیوٹر جنرل کی تقرری کے ضمن میں تحدید کم کی جائے،

لہٰذا، قومی احتساب آرڈیننس، ۲۰۲۱ء (نمبر ۵ بابت ۲۰۲۱ء) وضع کیا گیا ہے اور دستور کے آرٹیکل ۸۹(۱) کے تحت صدر کی جانب سے اس کا نفاذ عمل میں لایا گیا۔

دستخط/۔

وزیر انچارج